**15.05.2024**

**Hrs 13.50**

- * پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں اور اتحاد کی حمایت میں لوک سبھا انتخابات کے آئندہ مرحلوں کیلئے مہم چلا رہے ہیں۔
- * ہندوستان کوپر لمیٹڈ کے اُن سبھی 15 عہدیداروں کو باہر نکال لیا گیا ہے، جو راجستھان کی ایک کان میں پھنس گئے تھے۔ البتہ ان میں سے ایک کے ہلاک ہوجانے کا اندیشہ ہے۔
- * وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ چابہار بندرگاہ پورے خطے کے لئے فائدے مند ہے اور اس کے بارے میں تنگ نظری نہیں رکھنی چاہئے۔
- * سنگاپور کے ڈپٹی لیڈر Lawrance Wong کو آج چوتھے وزیراعظم کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔
- * اور IPL کرکٹ میں آج شام گوہاٹی میں راجستھان رائلس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔

## PM MAHA CAMPAIGN

پانچویں، چھٹے اور ساتویں مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے چناؤ مہم تیز ہو گئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کا دل جیتنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ آج شام ممبئی کے گھاٹ کوپر علاقے میں ایک روڈ شو کریں گے۔ BJP کی جانب سے اعلان کیے گئے پروگرام کے مطابق وہ مہاراشٹر میں Dindori اور کلیان لوک سبھا حلقے میں دو چناؤ ریلیاں کرنے کے بعد ممبئی پہنچیں گے۔ کلیان لوک سبھا حلقے سے وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے کے بیٹے شری کانت چناؤ لڑ رہے ہیں۔ جبکہ Dindori سے BJP کی بھارتی پوار چناؤ لڑ رہی ہیں۔

گھاٹ کوپر علاقے میں ایل بی ایس مارگ پر Shreyas سنیما سے ڈھائی کلومیٹر طویل روڈ شو شروع ہوگا جو گاندھی مارکیٹ پر ختم ہوگا۔ یہ روڈ شو BJP کے امیدوار Mihir کوٹیچا کے لیے چناؤ مہم کا ایک حصہ ہوگا جو ممبئی نارتھ-ایسٹ حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔×

## ODISHA - AMIT SHAH

اِدھر مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سرکردہ رہنما امت شاہ اور کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی آج اپنے اپنے امیدواروں کے لئے ریلیاں اور روڈ شوز میں حصہ لیں گے۔ جناب شاہ آج شام Sorada لوک سبھا حلقے اور Kandhamal پارلیمانی حلقے کے تحت بودھ میں عوامی جلسے سے خطاب کے بعد کٹک میں ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے۔ جبکہ راہل گاندھی ایک بائک ریلی میں شامل ہوں گے اور Bolangir میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔x

## UP CAMPAIGN

مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما آج اترپردیش میں اپنی اپنی پارٹی اور اتحاد کے لیے چنائو مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ BJP کے سرکردہ رہنما اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ پارٹی امیدوار کوشل کشور کے لیے مہم چلائیں گے جو موہن لال گنج حلقے سے دوسری مرتبہ چناؤ لڑ رہے ہیں۔

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ مہوبہ جالون، جھانسی اور لکھنؤ میں چنائو مہم میں حصہ لیں گے۔ وہ جھانسی ضلعے میں ایک روڈ شو کریں گے۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو بلرامپور ضلعے کی Gainsadi میں اسمبلی سیٹ کے لئے ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گے جہاں چھٹے مرحلے میں ضمنی چنائو ہوگا۔

کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سکھ وندر سنگھ سکھو اور پارٹی رہنما پرینکا گاندھی آج راہل گاندھی کے لیے رائے بریلی میں چنائو مہم میں حصہ لیں گے۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی باندہ حلقے میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گی۔×

## JOINT PC INDIA

اترپردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں INDI کی اتحادی پارٹیوں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس کیا۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے، سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور دونوں پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اس موقع پر موجود تھے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ 2024 کا چناؤ جمہوری نظام اور آئین کو بچانے کے لیے بہت ہی اہم ہے۔ جناب کھڑگے نے الزام لگایا کہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی نوجوانوں کو روزگار نہیں مل رہے ہیں۔ سماجوادی پارٹی کا نظریہ ہے اور INDI اتحاد کا منشور ہے کہ جب اتحادی پارٹیاں اقتدار میں آئیں گی تو سرکاری محکموں کی تمام خالی اسامیوں کو پر کیا جائے گا اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار دیئے جائیں گے۔×

## CHANDIGARH NOMINATION

چنڈی گڑھ پارلیمانی حلقے میں نامزدگی کا عمل ختم ہونے تک 27 امیدواروں نے اپنے کاغذات داخل کئے ہیں۔ چنڈی گڑھ انتخابی دفتر کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ان 27 امیدواروں میں پانچ امیدوار قومی پارٹیوں کے اور 17 آزاد امیدوار ہیں۔ پانچ امیدوار غیرمنظور شدہ پارٹیوں سے ہیں، جس سے ہمارے جمہوریت کے عمل کی عکاسی ہوتی ہے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج ہوگی۔ امیدوار جمعہ کو تین بجے تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ x

## REV. DELHI BJP WOMEN

دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی رہائش گاہ پر عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا ایم پی سواتی مالیوال کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے معاملے پر، دلی بی جے پی کی خواتین کارکنان نے آج قومی راجدھانی میں مظاہرہ کیا۔ بی جے پی کی خواتین کارکنان، تختیاں اٹھائی ہوئی تھیں اور جناب کجریوال کے خلاف نعرے لگائے۔ انھوں نے جناب کجریوال کو خواتین مخالف بتاتے ہوئے ان کے استعفے کا مطالبہ کیا۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلی بی جے پی کے صدر ویریندر سچدیوا نے کہا کہ دلی خواتین کمیشن کی سابق چیئرپرسن سواتی مالیوال، جو مسلسل خواتین کی

سیکورٹی کی بات کرتی ہیں، وہ خود محفوظ نہیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دلی کے وزیراعلیٰ اس معاملے پر خاموش ہیں۔ جناب سچدیوا نے دعویٰ کیا کہ اس واقعے کے پیچھے ایک بڑی سازش ہے اور اگر پولیس اس کی تفتیش کرتی ہے تو بڑے راز فاش ہوں گے۔

جناب کجریوال کے پرسنل اسسٹینٹ نے پچھلے ہفتے سواتی مالیوال کے ساتھ بدسلوکی کی تھی اور عام آدمی پارٹی نے کہا تھا کہ وزیراعلیٰ اس کے خلاف کارروائی کریں گے۔ x

## RAJASTHAN MINE RESCUE

ہندوستان کاپر لمیٹڈ کے اُن سبھی 15 عہدیداروں کو، جو کل رات سے نیم کا تھانہ ضلعے میں ایک کان میں پھنس گئے تھے، آج باہر نکال لیا گیا ہے۔ البتہ، اِن میں سے ایک کے ہلاک ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ نیم کا تھانہ کے کلکٹر شرد مِہرا نے کہا ہے کہ بچائے گئے 14 افراد کو علاج کے لیے جے پور کے SMS اسپتال بھیج دیا گیا ہے اور ایک کو جانچ کے لیے کمپنی کے اسپتال میں لے جایا گیا ہے کیونکہ اُس کے ہلاک ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ سرکاری شعبے کی اس کمپنی کے 15 اہلکار کل رات ایک کان میں اُس وقت پھنس گئے تھے جب اہلکاروں کو لے جانے والا ایک Cage رسّی ٹوٹنے کے بعد نیچے گر گیا۔ بچاؤ کارروائیاں رات بھر جاری رہیں۔ بہت سے ایمبولینس اور میڈیکل ٹیمیں جائے واقعہ پر موجود تھیں۔

مذکورہ اہلکار Kolihan کان میں 577 میٹر کی گہرائی میں پھنس گئے تھے۔×

## CUET UG DELHI

مشترکہ یونیورسٹی داخلہ ٹسٹ CUET-UG جو آج یعنی 15 مئی کو ہوناتھا، دلی کے مرکزوں کیلئے کچھ ناگزیر حالات کی وجہ سے مؤخر کر دیاگیاہے۔

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے ایک بیان میں کہا کہ یہ امتحان اب 29 مئی کو ہوگا۔ دلی کے مرکزوں میں، امتحان میں شامل ہونے والے امیدواروں کیلئے نظر ثانی شدہ ایڈمٹ کارڈز دوبارہ جاری کئے جائیں گے۔ ایجنسی نے کہاہے کہ کیمسٹری، بایولوجی، انگریزی اور جنرل ٹسٹ، آج 15 مئی کو کرائے جانے تھے، اب صرف دلی کے مرکزوں میں، امتحان میں شامل ہونے والے امیدواروں کیلئے مؤخر کئے گئے ہیں۔×

## JAISHANKAR CHABAHAR

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ چابہار بندرگاہ پورے خطے کے لئے فائدے مند ہوگی اور اس سے متعلق تنگ نظری نہیں رکھنی چاہئے۔ گذشتہ شب کولکتہ میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکہ بھی اس بات کو کہہ چکا ہے کہ چابہار بندرگاہ ایک وسیع معنیٰ رکھتی ہے۔ بھارت نے پیر کے روز اہم ایرانی بندرگاہ چابہار کو چلانے سے متعلق دس سال کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں، جس سے بھارت کو وسطی ایشیا میں تجارت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ امریکہ نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تجارتی روابط رکھنے والے کسی بھی ملک کو پابندیوں کا خطرہ ہے۔ توانائی کی دولت سے مالامال ایران کے جنوبی ساحل پر سیستان، بلوچستان صوبے میں خلیج عمان میں واقع چابہار بندرگاہ ایک راستہ فراہم کرے گی،

جس کے ذریعے بھارت کا سامان افغانستان اور وسطی ایشیا تک پہنچ سکے گا۔ اس بندرگاہ کے ذریعے سڑک اور ریل کے پروجیکٹ بین الاقوامی شمال جنوبی ٹرانسپورٹ کوریڈور INSTC کا استعمال کیا جائے گا۔ بھارت اور ایران نے بندرگاہ کو سات ہزار 200 کلومیٹر طویل INSTCکے لئے ایک اہم مرکز قرار دیا ہے۔ INSTC ایک کثیر رخی ٹرانسپورٹ پروجیکٹ ہے جس کے ذریعے، بھارت، ایران، افغانستان، آرمینیا، آذربائیجان، روس، وسطی ایشیا اور یوروپ تک سامان کی گاڑیوں کی آمد و رفت ہوسکے گی۔

## SINGAPORE NEW PM

سنگاپور کے ڈپٹی لیڈر Lawrence Wong کو آج ملک کے چوتھے وزیراعظم کے طور پر حلف دلانے کی تیاری مکمل کر لی گئی ہے۔ 51 برس کے امریکی تربیت یافتہ ماہر اقتصادیات جناب Wong، 72 برس کے Lee Hsien Loong کی جگہ لیں گے، جو اِس عہدے سے دو دہائی کے بعد سبکدوش ہوئے ہیں۔ اُن کے استعفیٰ سے خاندانی وراثت کا خاتمہ ہو گیا جس کی قیادت ان کے والد Lee Kuan Yew نے کی تھی۔ 1965 میں ایک آزاد مملکت بننے کے بعد سنگاپور میں صرف تین وزرائے اعظم رہے ہیں اور ان تینوں کا تعلق برسراقتدار People's Action Party سے ہے۔×

## IPL CRICKET

IPL کرکٹ میں آج گواہاٹی میں راجستھان رائلس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ راجستھان 16 پوائنٹس کے ساتھ اِس وقت دوسرے مقام پر ہے۔ جو جیت کے ساتھ ٹاپ 4 میں ایک مقام حاصل کرنے کے لیے کھیلے گا۔ پنجاب کنگز پہلے ہی پلے آف سے باہر ہو گیا ہے۔

کَل دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلز نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 19 رن سے ہرا دیا۔ ڈیلی کیپٹلز اس جیت کے ساتھ پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے۔ اس سیزن میں اس نے 7 میچ جیت کر 14 پوائنٹس حاصل کئے جبکہ لکھنؤ سپر جائنٹس 6 میچ جیت کر 12 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں مقام پر ہے۔×

## AIIMS MOU

دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس ایمس نے یونیورسٹی آف Bolton انسٹی ٹیوٹ آف میڈیسن کے ساتھ طبی تحقیق، اختراع اور تعلیم کے شعبے میں تعاون کے لیے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔ ایمس نے ایک بیانیے میں کہا ہے کہ مفاہمت نامے پر دونوں اداروں کے نمائندوں کی موجودگی میں ایک ورچوئل تقریب میں دستخط کیے گئے۔ اس سمجھوتے کی ستائش کی اور اسے پتھر کی میل قرار دیتے ہوئے ایمس کے ڈائریکٹر پروفیسر M. Srinivas نے کہا کہ اِس سے دونوں اداروں کو عالمی چیلنجز سے نمٹنے اور دنیا کے ساتھ مہارت کو مشترک کرنے میں مدد ملے گی۔×

کناڈا کی مصنف اور Nobel انعام یافتہ Alice Munro کا پیر کے روز Ontario میں اپنی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر 92 سال تھی۔ انھوں نے 60 سال تک کناڈا کی دیہی زندگی پر مبنی کہانیاں لکھی تھیں۔ Munro کو 2013 میں ادب کے شعبے میں نوبیل انعام دیا گیا تھا۔ نوبیل کمیٹی نے Munro کو روایتی مختصر کہانیوں کا ماسٹر کہا تھا۔ انھیں اپنی پہلی کامیابی 1968 میں ملی جب

## Dance of the Happy Shades

نام کی مختصر کہانیوں کی کتاب کو کناڈا کے اعلیٰ ترین ادبی اعزاز The Governor Genrals ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اُن کی مختصر کہانیوں کا یہ مجموعہ مغربی Ontario کے مضافاتی علاقے میں زندگی سے متعلق کہانیوں پر مبنی تھا۔ x

## NOBEL LAUREATE - ALICE MUNRO

کناڈا کی مصنف اور Nobel انعام یافتہ Alice Munro کا پیر کے روز Ontario میں اپنی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر 92 سال تھی۔ انھوں نے 60 سال تک کناڈا کی دیہی زندگی پر مبنی کہانیاں لکھی تھیں۔ Munro کو 2013 میں ادب کے شعبے میں نوبیل انعام دیا گیا تھا۔ نوبیل کمیٹی نے Munro کو روایتی مختصر کہانیوں کا ماسٹر کہا تھا۔ انھیں اپنی پہلی کامیابی 1968 میں ملی جب

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے راجستھان، اترپردیش، پنجاب اور ہریانہ سمیت شمال مغربی بھارت میں کَل سے اِس مہینے کی 18 تاریخ تک شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مہاراشٹر اور گوا کے ساحلی علاقوں میں آج اور گجرات میں کَل تک گرمی اور امس برقرار رہے گی۔

اِس دوران موسمیات سے متعلق ایجنسی نے مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور گجرات میں آج گرج چمک، بجلی اور تیز ہوائوں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×